ای برار جذباتی بیتی یوغیری ریر کی اف سینو گوِجو جام تیریک شینی۔ ہتیت کوس بونی ہٹُں تیریک کی بونی اسپہ پائے سیری تیار بوئے وا کیہ مسئلہ نوبوئے۔شیرمست ریر کی ہانی دودیریار کیچہ کوری انگین بوئے چھینیکو وا سنجیر نوبونی۔گوڑھو میکی ریر کی اے ژان انگیک اسقان لہ نوجوانانان اف ویٹشئیکو بان بوتی ہتیتان یی انگونی۔ ہیہ لُووَ کارکوری زرمست ریر کی اے میکی ہیہ دیہو بچین مہ خدمت حاضر ہیت بیزیمیکو کی بیرانی ہیتان اوا گانیم۔مہ پِسہ سُم وعدہ ریتائے۔

ہمی جُو کھاڑ وعدہ بیکوملکی خان ایہہ روپھیتائے۔ ایہہ روپھی ریتائے کی اسپہ کوسُم کیہ جنجال نیکی۔ اسپہ جنجال ہیہ کی اسپہ لیڈران دیہو مسئائلان بارا لُو نودونیان، دیہو لوٹھوروانان سار بشار نو کونیان۔ہنون ٹھیکہ دار برارکیہ کورمان بچین وعدہ کی اریر ہمیت سف دیہو لوٹ مسئلہ۔ اسپہ ژاوَ اسپہ خیالو کی لکھیتائے اسپہ دی ہانی شوم نوکی اسپہ ہو رویان پروشٹہ شرمندہ کوسی۔ اسپہ سفان ہیہ وعدہ نو؟ اسپہ سفان ووٹ ہمو۔ ہیہ کوستین کی دیور ریتائے دوسی نو۔سف یک زبان بیتی وعدہ ارینی۔ ہے قسمہ ژانو خان دی ہمی لُووان تان پرائے ہیس شیرمست ٹھیکہ دارو مزید اشتیکھیئے ریتائے کی ہموٹش لیڈر بوکم ژاغا پیدا بونی۔ ہیہ تان گیتی اسپہ دیہو مسائلان لُوڑی ہتیتان حل کوریکو کوششو کویان۔ اسپہ سورہ فرض کہ جم رویو ہوٹش کوسی وا ہموپروشٹی التی ہموسار کوروم گنیسی۔

الیکشنو تین جوش پونج بس بہچی اوشوئے۔ ڈوک دیہا جلسہ شیر رے ویزین کا متین خانوتین لُودیتی استیانی۔متین خان خوشان لشٹو ہیہ اتحادو حامی اوشوئے وا تان دیہا دی ہیس ہیہ مثالو دیتی ہموٹش اتحاد کوسی رے ہمیشہ رویانتین زور دیاوَ اوشوئے۔چھوچی بیکومتین خان تان کیہ کورمہ چوکہ بغائے کی روئے ہتیرا جمع اسونی۔ جلسہ ہتے رویان اوشوئے کوستین کی خوشان لشٹو روئے ملکی خانو گانی میٹنگ کوراوَ ہمیشہ کیہ راوَ اوشونی۔ گاڑی دی جھنڈا نیزی ایغو اچتو روپھی اوشونی۔متین خان حیران بیتی ہمی رویان لوڑیکا پرائے، کوریکو کی متین خان دی ٹھوغ وا لالچی لیڈرانان خلافہ عوامی تحریکو بو حامی اوشوئے۔ وا ہمونیہ پت ہیس کندوری رویان ہیہ تحریکو حقہ قائل کوری اسیتائے ہیس تان ژانہ ہمی گاڑیان وا رویان لوڑی دونیکو موڑی اسیتائے کی ای نوغ لینڈکروزیر اچہ پروشٹہ پارٹیوجھنڈا نیزی ہتیرہ ہائے۔ روئے نعرہ دیک شروع ارینی۔ ہے گاڑی پروشٹہ بیکو ہے چوکہ روپھیرو سف جھنڈا نیرو گاڑی ہو اچتو ٹھوکیتانی وا نعرہ دیاوَ یو راہی ارینی۔ اوّلانو ہے گاڑی ہو نسو اف نیسیکو ہیس لوڑیتائے کہ ہے پروشٹو شیرمست ٹھیکہ دارنیشی اسور۔ ہے اچتو گاڑیو پروشٹو ملکی خان وا ترویو گاڑیو پروشٹو سیٹو ژانوخان۔خوشان لشٹو روئے سف گاڑیان اچو روپھی جھنڈان ہوستہ کوری نعرہ دیاوَ جلسہ گاہو وٹکی راہی ارینی ہمی رویان جوش وجذبو اوچے فہمو فراستو لوڑی متین خان پروشٹہ کھانجہ ٹھوکیرو عوامی تحریکو پروشٹو اشتہارو بو غورو سورا لوڑیکہ پرائے۔

میرژوری چنگیتائے

محمد جاوید حیات

پریانان خونزو ژاو جوان بیتی اسیتائے۔ نانو ہردی وا، ژاوتے اڑغال داری ہورو ہردیی شونج اوشوئے۔ دونی دونی پریانان موژی لوڑی کوموران کا دی ہتوغوتے پون نودیاو اوشونی۔خونزو مہرکا ای زارو میرژوری دی اسیتائے۔ ہسے خونزو تتو اسپسار اوشوئے۔میرژوری بو تجربہ کار اوشوئے۔ پورا دنیوتے کوسی اسیتائے۔ دنیو انسانان سوم ہتو خاص محبت اوشوئے۔ ای دیہا آدمی ڈاقوتے عاشق دی بیتی اسیتائےگم آدمیان موژار ای دشمان ہے ڈقوتے ہشٹ دعا اریر کہ میرژوری ہتو پیخہ بیکو نو بیتائے۔ ای دفعہ میر ژوری لڑیران کہ ہے ڈقو دوری ژیری شیرہیس بی دوری نیشائے۔ ڑاک دویو پنداران گناؤ گیکہ پرانی۔ دوری دی طعام پچونیان۔ ہے ڈقو لوٹھورو براروتے بوک انگیاو اوشونی۔میرژوری ای گوچہ نیشی لوڑیکہ پرائے۔ ڈقو واو زندہ اسیتائے۔ کا کہ گونی واوو ہوستہ وتچھئے ای دربت ہورو نسہ نیشینی۔ واو ہیتان ارقاتو پھیری کوری خیرو خبرو گنیر۔ ہانی پھلش ہورو زبان اوشوئے کہ ہوروتے کا رتان کورارو گیاو اوشوئے۔ ہے ڈقو نان ہر ساعت دعا تان کوراؤ اوشوئے کہ اللہ مہ دردانوتے خیر کورار۔ اللہ ہورونصیبو جم کورار۔ اللہ ہے ژورو مہ دوروتے ملاکت کورار۔ ہورو ماڑ مارہ مایون کورار۔ ڈقو اسپسارگینی کورمو ایغوتے رفادار نو بیتی داؤ تان اوشونی۔ نگہہ کوس کپالار کہ پیٹیک اف دوئے ہتے ایوالی ژریغ کوئے "ائے تہ پیٹیک۔۔۔ ائے تہ پیٹیک"۔ کا دوڑ ہوسیکو " ائے پھوک لش لا "۔ کورہ غیاروم ایتو دیکو "لش لا "۔ ہرونی شرافت کہ لوڑی حیران بیکو بلش۔ حالانکہ ژیری دوری، ژیری دوریہ قوژد دی بوئے۔ہمی آدم زاد کیچہ سکونو مخلوق۔میرژوریوتے بو مزہ کوری ہیئے نیشی حال ہوئے۔چھوئی ہوئے، بائے پلش ختانی چمڈوریہ بزم دی ہوئے۔عورتان اشٹوک رویانتے ژیبیک پیئکو بندوبست ارینی۔ دورو مژی چھوچھیو بندوبستان کوریکو آذان ریتانی۔ چھوچھی دیہو لوٹھوروان گیکہ پرانی۔ اشپیری ویزین دیتی اسیتانی۔ توخمیرانیوتے ہے ڈقو لوٹھورو میکی تیار ہوئے۔جم اشپیری ارینی۔ ڈقو زپ انجیئکو وخت ہوئے۔ دیہو دشمانو الانی، ہسے پیرانی دم پرائے۔سف ای بیتی ہورو زپ انجیئتانی۔ ہیس شابوک بیتی دوری بغائے۔ واوی ہورو گوڑو موڑتو پرائے، کیڑی دعا اریر۔شیرین نان زاروزار کیڑی دعا اریر۔اسپسار گینی دی کیڑیکہ پرانی۔ اللہ اسپہ دردانوتے خیر کورار، اللہ گیاک کائیو کوشانیو سوم انگیار ریتانی۔ شابوک بغائے، دور دودیری ژاغہ اوشوئے، توخمیران بسی ہوئے۔چھوچھی راغیشٹی دوروشیخیق حالآویز بیتی پروشٹو تیاری ہونی۔ دوری ژیریو بندوبست ہوئے۔ طعام

تیاریوتے ہانی۔ ہانیہ ڈازی اوچے لوک ژور ریکو ہواز ہائے۔ دورو عورتان دورو لوٹ دواہتہ روپھی غیچ کوریکہ پرانی۔ سٹابوکو استورو سورار یو خامیئتانی۔ ژاو نست دورو لوٹ دروازا گیگو واوی اوچے دورو عورتان ہتوسوم دو چھار ہونی۔ دورو اسپسار گینی روژایو دوہی گانی راتھینی ختانی اوانی۔فروسکیو ویشٹکی لوٹ نخو ہورو گنی نیشیتانی۔کا ہورو پٹیکو ساوزیئران، کا ہوروارقاتو پھیری کویان۔ ہورو کھاڑ ہوستو چموٹو پولونگوشٹو شینی۔گوڑو پچاویز،مشٹی سٹاوائے، گوڑو سوئیرو خلتہ، سرمہ دان، پیشانی سلسلہ۔ ہورونسین نیشیرو کومورون ہیتان اشتیکھیئنیان ہیس پولونگوشٹو ایوالیوتے دویان،کھیو ایوالیوتے ہیس کیڑی کیڑی غیچ کوکوش، ہیت ہوروتسلی دونیان۔ نان تتان، برارگینیان، اسپاسارگینان، ملگیریان بشارو کونیان۔ میرژوری ہیتان لوڑی حیران۔ ہوروتے ہیہ بو مزا کویان۔ ہوروتے سریئران کہ ہیس ہیتان روژایو کہ بوئے۔ ہوروتے خال دیتی پھوک روژایوتے سٹوئیران۔ ہانیہ روژایو کپال ٹھمیئتائے رے پریشان ہوئے۔ دے بی دعا گوو گنی الانی کہ ہموسوم دم دوئے، کورہ بلاہ ژونی ہوئے البت۔دعا گو گیکو میرژوری اوشٹوریتائے۔

ہنیسین میرژوری زارو بیتی اسورمگم ہتے سٹئیلی یاد ہورو ذہنی ہنیسین دی شیر۔ ہسے شار استونیکو خونزا بشار ارریر کہ ایے بیچی کیانی ہو؟ ہائے خونزا، تو روژایو ریکو آدمیان روژایو انگیک مہ یادی ہائے۔ ای مکالا ہیتان روژایو انگیکہ بی اسیتم۔ بشار ارینی کہ خائے بیچی، کیچہ بیرائے؟ میرژوری ریکی، ہائے ژور ای بیشیر سال پرشٹی اوا ای دورہ ژیریہ اسیتم ہٹس رے ہسے شرمندہ غونی بیکو کا بشار ارریر کہ ہسے تہ ہتے دوست ڈقو دور تھے نو اوشوئے؟ اوہو ژور، تھو، رے میرژور پھیک ہوئے۔ ریکو ریتانی کہ خائے بیچی، تھے؟ میرژوری ہتے قصان کوری نسی نیزیکو خونزا ریر کہ اوا تان دنیایی بی کورہ ژیریو لڑیم۔ اچی گیتی اوا دی ہٹس ژیری کوم۔ یا تان ژاووتے دی آدمی بوک انگوم۔

خونزا ژاووگنی راہی کوری آدمیان ای دورہ ہائے کہ ہتیرہ ژیری شیر۔عورتان پریشان کسینیان، کپالہ پیٹیک نیکی۔ ڈقان ڈیکتو پالون۔سفان ہوستہ کوکیاغ چمور شیر، کارو دی کیاغ دیتی اسونی۔ زپان پوشی تہ ہردی شینیر۔ پونگو چلائے ڈیکتو چوکی شینی۔کیہ محرم کیہ نامحرم، تمیز نیکی۔ خونزو ہیش کیہ عقل نو توری روپھی حال ہوئے۔ ہتو ژاو ریر کہ اے نان ہمیت ہتے آدم زادا؟ خونزا دوینیتائے کہ ہتے روژایو دورہ البت ہموٹس نو بوئے۔ ژاو دی البت سٹابوک بیتی خور بوئے۔ ویزین بیکو لڑیران کہ اشٹوک شیر۔ ای شوتورپوتھور۔کولانو تانتے پھانینیان،عورتان تانتے۔ ہرونیہ توخمیران بولوو تان ژورو کمروسیٹیئاو گونیان رے ہلا گول ہوئے۔ تھے کہ خومیتانی، فیشن کیہ ژانیس۔ ای خورمخلوق۔ خونزا تیلیلی ہوئے۔ ختانی ہانی،قسمہ قسمہ

سامون۔ تھے زار، ثادر، پردہ، وور تیل، بوسکی، ہرین، شیمپو، کریم۔ کیہ اسٹمارئے کوئی تاریئن نو بوئے۔ ڈیغ پاغ ارینی، اف نیسی بغانی۔ خونزا لوڑاو اوشوئے۔ لش بیتی چھوچھی ہوئے۔ ژاوو پارویزیکو وخت ہوئے۔ توغو سٹابوک کوراوہ وے شیراوی ہوئے تھے بشار موکوسفو ہوستہ ہے چمور، ویڈیو کونیان، نقشہ نیزینیان۔ کاپکھوڑو توغو سورو دویان، کا زوق دویان۔ کا پونگو چلایو پھار ڑینگیئران، کا پیرانوگنی اوشٹوری اسورہٹس بیتی سٹابوک تیار ہوئے۔

خونزا ژاووتے ریر کہ اے ژاؤ بیسی اوچے ہے ژورو دورہ دی۔ ہیت پروشٹ دویان سوم بیتی راہی ہونی۔ موڑان جال پوش کوری اسونی۔ وے خنجرو ڈق قوژد کونیان۔ ہرموڑی دول بشونیان۔ ڈق پھوران لاکی اسونی، کوموران ساسیری۔ ہے دورہ توری سٹپیک اویونی، راہی بیکو تیاری ہوئے۔ دوری بی لڑینی کہ ہے سٹابوک کروئے زپ انجی اسور۔ پھور ای نمونہ کوری شینی۔شون لئے، موختو کیاغ منی شینی۔ پھتوک ڈیکتو دیتی شینی۔ ای ثادر کپالہ شیر۔ جمار بی ہتوغو نسہ نیشیتائے۔ حرام کہ ہتو آبروخم ہوئے۔ ہتو ہوستو یی گنی پولونگوشٹو ہتو چموٹو پرائے۔ مٹھائی انگیتی ہتو لسیتانی۔ تھے نقشہ نیزیکہ پرانی، جمارو بوٹان کھوشتیئتانی۔ کا پھکوڑو اویریتائے۔ پیسہ اولیئتانی۔ تھے راہی ارینی۔ خونزا اچی راہی بیکو ژاو ریکی، اے نان ڈیت ہے دورہ دی بیسی لا۔ ژاوو لووو کارکوری ہتے دورہ بغائے۔ ہتے موخہ نیسیک کورہ، روژایو ہتو ختانی اوانی۔ تھے زاپ پھونیک ہوئے۔ نہ اشپریشیو نہ اسپوسارگینیان پتہ۔ روژایوتے ٹیلیفون گونیان۔ ہتئے دی لڈو الانی۔ کا لڈوین لکھی جمارو دیکو کا ملائیو فروختو منیکو۔

خونزا ژاووتے ریکی اے ژاو، ڈھوچے، تہ واو چنگیرو بیرائے۔ خونزا تان محلہ توریتائے۔ پریان پوشاؤ ہانی۔ زارو میرژوری دی ہائے۔ خونزا ہتوتے ریکی کہ، اے بیچی، پری چنگیرنو وا۔ تو آدمیان کیہ لوان کہ دیتی استاؤ ہتیت سف چنگیک بیرانی۔ اسپہ ای طلسمات پوشیتم۔ ہیت خور کیہ مخلوق بیرانی۔ ہیتان لوڑی کیانی بین بویان۔

زارو میرژوری ریکی ہائے ژورتعلیم اوچے ترقی البت ہیتان راہار نیزی شیر۔ اوا کیا خبر۔

مگم سف زارو میرژوریو چنگاک جوشٹیتانی۔

شندورہ میلہ ہنون

گل نواز خان خاکی

ہونزیک، پیاڑیک گونیان ۔۔ ویرشیک، داریلیک گونیان
گلتیک گیور، غیرزیک دی گیور ۔۔ ویخیک، یارخونیک دی گیور ۔۔ جوانان ڑاسپریک دی گیور
شیرژیریان پیرہ ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون ۔۔ لوڑاک مو لغلہ ہنون
سمند توٹش پھُونی گویان ۔۔ سرخون اوشپونی گویان ۔۔ جیرنگ پروٴچھونی گویان ۔۔ قشقہ کیہ دونی گویان ۔۔ گٹ توروغ پھونی گویان
دی چوڑے مینا ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون
غاڑندہ جم غاڑ کورور ۔۔ ہیں شیرژیریان ہاڑ کورور ۔۔ ہاڑو سورتو ہاڑ کورور ۔۔ قہرہ دونان تاڑ کورور ۔۔ نسین اساک چاڑ کورور ۔۔
یوغون ای زائیلہ ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون
تہ کھمشیر اسپرو کورار ۔۔ پڑینجو موژتو جُو کورار ۔۔ کھوستانی پورو کورار ۔۔ بیٹش بلچ جوہجو کورار ۔۔ غیرت قوژدوہو کورار ۔۔
جوشی تھے وائیلہ ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون
تھمپوق تہ چھوئینین گوئے ۔۔ ہاڑو پڑینج موژینین گوئے ۔۔ تہ تھوکئیک گوڑھینین گوئے ۔۔ کانو پڑینج پھورینین گوئے
پڑینج موژہ غیری بہچار ۔۔ زمپھل ہرمیردی بہچار ۔۔ نایوخ تورودی بہچار ۔۔ تان لُوان تھیردی بہچار ۔۔ کھیلوٹش بو کھیردی بہچار
بیٹش ہنر بائے لہ ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون
رحمت ہاڑو خن والوتے ۔۔ ہر یوفتوت ہر لالوتے ۔۔ کوہار گیاک ہر ڈالوتے ۔۔ غاڑ لوڑاک پڑالوتے ۔۔ غاڑ دویان کمالوتے
کورور کی خَیلہ ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون
ہیہ سال ہوسی گومیا ۔۔ یار دوستان پوشی گومیا ۔۔ وا ایغو دوسی گومیا ۔۔ پوئی بو کوسی گومیا ۔۔ تانتے مہ جوٹشی گومیا
غیچ پونہ نئیلہ ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون
کوس ژانوت آرام ہیہ ۔۔ مو رانی ناڑام ہیہ ۔۔ خاکیوؔ کلام ہیہ ۔۔ جو کٹک پیغام ہیہ ۔۔ پستے سلام ہیہ
تیلیلی لیلہ ہنون ۔۔ شندورہ میلہ ہنون

منقلو رواج

اقبال الدین سحر

دوران عزت مان کوری شیر منقلو رواج
ای پھتیو حیران کوری شیر منقلو رواج

دارو دی ارزان کوری شیر منقلو رواج
یہ کیچہ اسقان کوری شیر منقلو رواج

اوسٹاکہ بیریار تو کہ ہاؤ ہے موڑو جنت
پھوک رو قون ہے موڑو کہ ہوئے ہیس دی تاتے ثت

چوغ بیتی ہے موڑو اوتے تو ای حدا پت
مَرضی ڈیکان کوری شیر منقلو رواج

کورہ کہ بوٹیکو موڑی تہ دی راہ اوشوئے
دے گیتی ہوو موتان اوتے زپ کہ حَاہ اوشوئے

پونگو دی ہوَ مو تان الوس ہیس کہ واہ اوشوئے
پولی نسکاران کوری شیر منقلو رواج

اوراوے تو خور کیہ ژاغا یا تو پھوک دورے
ہے موڑو سوراوار دیتی تو موتان پورے

روخنیوسار کیہ اعتبار تو موتان کورے
ہٹس رے پریشان کوری شیر منقلو رواج

ناگاہ کہ تہ پُوشی استائے تھے مزا کوروئے
پیچ بیتی قوریئاوو ہسے تھے نخرہ کوروئے

دورو خاؤن ہورو دیتی زخمزا کوروئے
گدیری پوشیان کوری شیر منقلو رواج

ہے موڑو ہے بو پوراکو کپال اوپھوئی
ای پھتی نسوارو کوری ہے موڑو تھوئی

خبر بیکو بیریاری گوئے تھے بو اوزوئی
ای شاہ ناپرسان کوری شیر منقلو رواج

بوسکہ نیشی تان ٹیبلہ آرامہ ژبے
آرام رے پیٹھین تو مو بوس پھارو کیژیبے

ناگاہ کورہ کوروم کہ ہوئے تیز رو ایھ روپھے
جابرجا میہان کوری شیر منقلو رواج

ہے موژی کوروم بندیئکو تھے بہانہ کوروئے
ثیقوتے تھونی کہ ارو اڑتانہ کوروئے

ہٹتانہ ہے لوٹھورو دی چرخانہ کوروئے
ثیثیقان شیطان کوری شیر منقلو رواج

ہموٹس کورہ غیچی گونی واخاجم رواج
ہیہ را خرچہ دی بو کم بو نیک نام رواج

سحر ران یہ کیاغ کہ بیرائے ہیہ جم رواج
انسانو انسان کوری شیر منقلو رواج

ششماہی کھوار

حصہ اردو

جولائی 2022

انجمن ترقی کھوار چترال

فہرست مشمولات

1۔ میرے گاؤں کا تہوار پتھاک ۔۔ ممتاز حسین------ 27

2۔ ایک قدیم راستے پر سفر ۔۔ شمس الدین---------- 31

3۔ چترال کا پولو ۔۔ صلاح الدین صالح ----------33

4۔ تبصرہ کتب ۔۔ ڈاکٹر عنایت اللہ فیضی ----------35

میرے گاوں کا تہوار 'پتھاک'

ممتاز حسین

چترال کی آبادی مختلف نسلی، ثقافتی اور لسانی گروہوں کا ایک نہایت پیچیدہ مرکب ہے۔ اس میں کچھ گروہوں نے اپنی الگ شناخت کسی حد تک برقرار رکھی ہے اور باقی آپس میں خلط ملط ہو کر ایک نسبتاً بڑے گروہ "کھو" کی شکل میں موجود ہیں۔ یہ گروہ ان وادیوں میں شمال، مشرق، جنوب اور مغرب، ہر طرف سے آئے ہیں۔ ہر گروہ اپنے ساتھ اپنی زبان اور کلچر لے کر آیا، جن کے اجزاء آج بھی کھو کلچر میں بآسانی تلاش کیے جا سکتے ہیں۔

پہاڑی علاقوں میں رہنے والوں کی زندگیوں پر موسموں کے اُلٹ پھیر کا بہت گہرا اثر ہوتا ہے۔ یہاں سردیاں سخت ہوتی ہیں اور کھیتی باڑی کا کوئی کام نہیں ہوتا۔ لوگ گھروں میں محصور کر کھاتے ہیں اور خوراک کے ذخائر ختم ہوتے جاتے ہیں۔ یہی کچھ ان کے مویشیوں کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔ اس لیے گرمیوں کی آمد کا شدت سے انتظار کیا جاتا ہے۔ گرمیوں میں نہ صرف موسم خوشگوار ہوتا ہے بلکہ کام کاج ممکن ہوتا ہے اور خوراک کی پیداوار ہاتھ آتی ہے۔ گرمیوں کے آخر میں لوگ سردیوں کے لیے خوراک اور ایندھن جمع کرنے کی جلدی میں ہوتے ہیں۔ یوں سارا سال ان کی نظر بدلتے موسموں پر رہتی ہے۔ ان بدلتے موسموں کے آغاز پر وہ تہوار منا کر خوشی کا اظہار کرتے اور اس موسم کو با برکت بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان علاقوں کے تہوار موسمی ہوتے ہیں، جیسے فصل کی بوائی کا تہوار، فصل پکنے اور کاٹنے کا تہوار، مویشیوں کو بالائی چراگاہوں پر لے جانے اور واپس لانے کے تہوار، کھیتی باڑی کے کاموں کی تکمیل کے تہوار وغیرہ۔

پہاڑی علاقوں میں بہار کا موسم بہار کافی طویل اور لوگوں کے لیے اہم ہوتا ہے۔ گرم میدانی علاقوں میں سردیوں کے بعد اچانک گرمی شروع ہوجاتی ہے لیکن پہاڑوں میں گرمی آتے آتے آتی ہے۔ سردیاں دھیرے دھیرے رخصت ہوتی ہیں، برفباری کی جگہ بارش برستی ہے ۔ سبزہ اُگنے لگتا ہے ، ربیع کی فصلیں سر اٹھانے لگتی ہیں، درختوں پر پھول پتے نکل آتے ہیں اور ہجرت کرنے والے پرندے لوٹ کر آتے ہیں ۔ یہ سلسلہ فروری میں شروع ہو کر مئی کے آخر تک چلتا ہے۔ سخت اور تکلیف دہ سردیوں کے بعد آنے والا یہ خوشگوار موسم یہاں کے باشندوں کے لیے امیدوں اور خوشیوں کا پیغام لے کر آتا ہے۔ اسی لیے اس خطے میں موسم بہار میں زیادہ تہوار منائے جاتے ہیں۔ یہاں کی ہر وادی میں

موسم بہار کے شروع، وسط یا آخر میں تہوار منائے جاتے رہے ہیں۔ مثلاً سوات ، دیر اور کوہستانات کے قدیم باشندے بہار کا تہوار "بساندور" مناتے تھے جس کا تعلق غالباً میدانی علاقوں کے تہوار بسنت سے ہوتا تھا۔ جنوبی چترال کی ایک وادی جنجریت کوہ کے لوگ کلاش دور میں "بسن ناٹ" (رقص بہاراں) مناتے تھے جس کی ایک شکل موجودہ کلاش وادیوں میں ژوشی (چلم جوشٹ) کی شکل میں موجود ہے۔

چترال کی بالائی وادیوں میں سردیاں جنوب کی بہ نسبت زیادہ سخت ہوتی ہیں اور لوگوں کو بہار کا انتظار سے زیادہ شدت سے ہوتا ہے۔ اس لیے وہ بہار کی اولیں علامتوں کو نئے سال کی خوشخبری سمجھ کر ایک تہوار پتھاک مناتے ہیں۔ ان علاقوں میں بدلتے موسم کی پہلی نشانی ایک سفید پھول کی صورت ظاہر ہوتی ہے جو برف کے اندر ہی اگنے لگتا ہے اور جہاں کہیں برف میں سے زمین نظر آتی ہے ، وہاں یہ پھول کھل اٹھتا ہے۔ بچوں کو یہ پھول ملتا ہے تو اسے گھر لے آتے ہیں جہاں سے انہیں انعام کے طور پر خشک میوے دیے جاتے ہیں۔ انہی دنوں (فروی کے پہلے ہفتے میں) نئے سال کا تہوار پتھاک بھی منایا جاتا ہے۔

تہوار منانے کے لیے خاص دن کا تعین گاؤں کا سید دنوں کے سعد اور نحس کا حساب لگا کر کرتا ہے۔ تہوار کا دن متعین ہونے کے بعد لوگ اس کی تیاریاں شروع کرتے ہیں۔ پتھاک کے دن خصوصی کھانے پکانے کے لیے اجزاء کا انتظام ہوتا ہے۔ تہوار کے پہلے دن گھر کا سارا سامان باہر نکال کر گھر کی مکمل صفائی کی جاتی ہے۔خصوصاً چھت پر دھوئیں اور گرد سے بنے جالوں کو خوب صاف کیا جاتا ہے۔ دیواری الماریوں اور طاقوں کو دھویا جاتا۔ گھر کے فروش، بستر وغیرہ دن بھر دھوپ میں ڈالے جاتے۔ سارے برتن باہر ہی خوب دھو کر صاف کیے جاتے اور شام تک سب کچھ اندر لا کر دوبارہ گھر کو سجا دیا جاتا۔ اس دن اکثر گھروں شوشپ پکائی جاتی ۔ چونکہ اس خوراک کی تیاری کافی وقت اور محنت لگتی ہے، اس لیے اسے تہوار کے دن سے پہلے ہی پکا کر رکھ دیتے ہیں۔ اس دن کو "سوئی دیک "کہتے ہیں۔سوئی دیک کے دن یا اس سے پہلے والے دن گاؤں کے لڑکے بالے،خصوصاً بکریاں چرانے والے شام سے پہلے گاؤں میں پھرتے اور ہر گھر کے باہر سے مخصوص بول بولتے ہیں، جیسے "ہم نئے سال کی خوشخبری لے آئے ہیں۔ اچھے سال کی خوشخبری، اچھی پیداوار کی خوشخبری، بچوں اور بچیوں کی شادیوں کی خوشخبری، اولاد کی خوشخبری،صحت اور تندرستی کی خوشخبری "۔ ہر گھر سے

انہیں کھانے کی کوئی چیز ملتی ہے جیسے آٹا، چاول، گھی، گڑ وغیرہ۔ لڑکے ان اشیاء کو تہوار کے کچھ دن بعد رات کو کسی خالی مکان میں جمع ہو کر پکاتے اور رقص و موسیقی سے دل بہلاتے ہیں۔

تہوار کے دن علیٰ الصبح گھر کا ایک بزرگ اٹھتا ہے اور اور تھوڑا سا آٹا لے کہ اسے گھر کے دروازے کے باہر اوپری چوکٹ پر چھڑکتا ہے۔ یہاں کے کلچر میں خوراک خصوصاً گندم کا بہت احترام کیا جاتا ہے بلکہ اسے تقدس کا درجہ حاصل ہے۔ جب کوئی عزیز یا محترم مہمان پہلی مرتبہ یا کافی عرصے بعد کسی گھر میں آتا ہے تو اس کے کندھے پر تھوڑا آٹا چھڑکتے ہیں اور اس رسم کو پتھاک کہتے ہیں۔ تہوار کے موقع پر یہی عمل نئے سال کے ساتھ کیا جاتا ہے یعنی صبح سویرے نیا سال آپ کے دروازے پر آتا ہے اور آپ اسے مہمان سمجھ کر خوش آمدید کہتے ہیں۔ دروازے کے علاوہ گھر کے اندر ستونوں اور شہتیروں پر بھی آٹا چھڑکا جاتا ہے۔ کچھ گھروں میں خواتین گھر کے باورچی خانے (رتھینی) میں دھوئیں سے سیاہ شہتیروں اور ستونوں پر آٹے سے نقش و نگار بھی بناتی ہیں۔

صبح اٹھ کر خواتین خصوصی کھانے پکاتی ہیں۔ رشتے دار اور ہمسائے ایک دوسرے کے گھر مبارکباد دینے جاتے ہیں تو ان کی تواضع کی ان کھانوں سے جاتی ہے۔ لڑکے اس دن انڈے لڑاتے ہیں ۔ لڑکیاں چھتوں پر جمع ہو کر آنے جانے والوں کو برف کے گولے مارتی ہیں۔ تیسرے پہر سب لوگ گاؤں کے مرکزی محلے میں جمع ہوتے ہیں، جہاں کئی گھروں کی چھتیں مل کر ایک وسیع میدان بنا لیتی ہیں۔ اس میدان میں رقص و موسیقی کی محفل جمتی ہے جو شام تک جاری رہتی ہے۔ یہیں محلے کے لوگ ان کی تواضع شوشپ سے کرتے ہیں۔

لیکن یہ سب کچھ میری یاداشت میں ہوتا ہے۔ بالائی چترال کے مرکزی علاقے میں واقع میرے گاؤں میں یہ تہوار 1970 کی دہائی میں پورے اہتمام سے منایا جاتا تھا۔ پھر 21 مارچ کو نوروز کا تہوار بھی منایا جانے لگا۔ کچھ عرصہ دونوں تہوار ساتھ ساتھ چلتے رہے لیکن غیر محسوس طور پر نوروز نے پتھاک کو بے دخل کرنا شروع کیا اور 1980 کے بعد لوگوں نے فراموش کر دیا کہ فروری میں یہاں کوئی تہوار منایا بھی جاتا تھا۔ آج اگر نئی نسل کے لوگوں سے پوچھیں تو وہ نوروز کو ہی پتھاک کہیں گے۔

لیکن ایسا نہیں کہ ہر جگہ یہ تہوار متروک ہوا ہے۔ چترال کی وادی لوٹکوہ میں فروری کے شروع میں پتھاک کا تہوار اب بھی اپنے تمام لوازمات کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اب بھی لوگ اپنے روایتی کھانے پکاتے ہیں، نئے کپڑے

پہنتے ہیں، ایک دوسرے سے ملنے جاتے ہیں اور علاقے میں جشن کا سماں ہوتا ہے۔ 21 مارچ کا نوروز یہاں الگ سے مناتے ہیں اور لوگوں کو اچھی طرح علم ہے کہ یہ دو الگ الگ تہوار ہیں۔ لٹکوہ میں اس تہوار کے جاری رہنے کی وجہ غالباً یہ ہے کہ یہاں کے لوگوں نے اسے پیر شاہ ناصر (مشہور اسمٰعیلی داعی اورفارسی شاعر ناصرخسرو) سے منسوب کر دیا ہے۔ یہاں اس تہوار کے ساتھ یہ رویت وابستہ ہے کہ پیر شاہ ناصر سردیوں میں چلہ کاٹنے کے بعد جب غار سے باہر آئے تو انہوں نے ایک تہوار منانے کا حکم دیا۔ تب سے یہ تہوار اس واقعے کی یاد میں منائی جاتی ہے۔ دوسری طرف بالائی چترال میں جب یہ تہوار منایا جاتا تھا تو اس کے ساتھ کسی قسم کی مذہبی روایت وابستہ نہیں تھی۔ اسے صرف سردیوں کے رخصت ہونے اور بہار کی آمد کی خوشخبری کے طور پر منایا جاتا تھا۔ دیگر روایتی تہواروں اور پرانی رسومات کی طرح یہ تہوار بھی معاشرے میں مذہب کے بڑھتے ہوئے اثرات کے سامنے یہ نہیں ٹھہر سکا اور متروک ہو گیا۔

یہ تہوار یقینی طور پر اسلام کی آمد سے پہلے سے یہاں رائج رہا ہے۔ اس کی رسومات میں سے کئی ایک اردگرد کے علاقوں کے تہواروں میں بھی پائی جاتی ہیں۔ جیسے یسین کے تھمو بویا، گلگت کے شینو بوزونو اور بدخشان کے نوروز وغیرہ میں۔ کلاش تہواروں سے اس کی کوئی مشابہت راقم کے نوٹس میں نہیں آئی ہے اس لیے خیال یہ ہے کہ یہ تہوار کھو اور کلاش لوگوں کے یہاں آنے سے پہلے رائج رہا ہوگا۔

ایک قدیم راستے پر سفر

شمس الدین

پاکستان کے شمالی پہاڑی علاقوں کی وادیوں میں نقل و حمل کے ذرائع ہمیشہ سے مشکل اور مخدوش رہے ہیں۔ دریا کے ساتھ راستے اگرچہ نسبتاً ہموار ہوتے تھے لیکن گرمیوں میں دریا طغیانی پر ہوتے تو یہ راستے کٹ جاتے۔ پل بھی بیشتر عارضی ہوتے جو گرمیوں میں بہہ جاتے۔ ایسے میں ایک وادی سے دوسری وادی میں سفر پہاڑی دروں کے ذریعے ہی ممکن ہوتی۔ یہ راستے اگرچہ اتنے آسان نہ تھے تاہم سال کے بیشتر موسموں میں کھلے رہنے کے علاوہ نسبتاً مختصر بھی ہوتے تھے۔ جدید دور میں دریا کے ساتھ سڑکیں بننے اور ان پر موٹر گاڑیاں چلنے کی وجہ سے پہاڑی دروں سے آمد و رفت تقریباً ختم ہوچکی ہے۔ تاہم ٹریکنگ کے شوقین لوگ مہم جوئی کے طور پر ان راستوں پر کبھی کبھار سفر کرتے ہیں۔ ایسے راستوں میں سے ایک اپر چترال کی وادی اویر کو لٹکوہ کی وادی کریم آباد (اوژور) سے ملاتا ہے۔ یہ راستہ لوئر چترال اور اپر چترال کے درمیاں فاصلے کو بہت مختصر کرتا ہے ، اس لیے ماضی میں اس پر کافی آمد و رفت ہوتی تھی۔

15 مئی 2020 کو میں نے اسی راستے پر اپر چترال کے گاؤں کوشٹ سے ٹریکنگ کا آغاز کیا۔شونجورآن اور گہکیر سے ہوتے ہوئے شام کو لون پہنچا، جہاں فضل الرحمٰن صاحب کی میزبانی سے لطف اندوز ہوا۔ لون سے اگلی صبح روانہ ہو کر وادی اویر کے سب سے خوبصورت گاوں ریری پہنچا۔ یہاں ثناء احمد صاحب نے چائے کی دعوت دی۔ وہ میری طرح ستار کے شوقین نکلے اور ان کے ستار پر ہم دونوں نے طبع آزمائی کی۔ یہاں سے میں نے پہاڑی درے کی طرف چڑھنا شروع کیا۔ پہلے میرا ارادہ وادی اویر کے بالائی حصے میں پھوروشون درے (کیار آن)کے راستے براہ راست کریم آباد میں اترنا تھا لیکن یہاں معلوم ہوا کہ اس موسم میں برف کی کثرت کی وجہ سے یہ درہ ناقابل عبور ہوتا ہے۔ مجھے مشورہ دیا گیا کہ میں ریری گاؤں سے پھوریان ٹیک درے کے راستے پھستی کی وادی جاؤں اور وہاں سے وادی کے سرے واقع پر درے سے پارسان میں اتروں۔ یہ راستہ کیار آن کے مقابلے میں لمبا بھی ہے اور اس میں ایک کے بجائے دو درے عبور کرنے ہوتے ہیں۔ تاہم مجبوراً مجھے یہی راستہ اختیار کرنا پڑا۔ ریری کے بالائی چراگاہ کوٹوو غاری کی طرف روانہ ہوا تو گاؤں سے دو نوجوان مجھے راستہ دکھانے کافی دور تک میرے ساتھ گئے۔کوٹوو غاری پہنچا تو وہاں دو اور نوجواں ٹریکر کیمپنگ کرتے ہوئے ملے۔ اتفاق سے ان کے پاس بھی ستار موجود تھا جسے کچھ دیر بجا کر جی

ہلکا کیا۔ یہاں سے پھوریان ٹیک کی طرف روانہ ہوا۔ پھوریان ٹیک کی چوٹی پر سے جنوب مشرق کی طرف نہ صرف دور دور تک ہندوراج کی بلند چوٹیاں نظر آتی ہیں بلکہ نیچے وادی میں شاچار، جوگومی، جومیشیلی، برینس، پرئیت، مروئے اور موری کے دیہات ایک ہی نظر میں دیکھے جا سکتے ہیں۔

پھوریان ٹیک سے میں پھستی کی وادی میں اترا۔ یہ وادی اصل میں پرئیت نالے کی وادی کا اوپری حصہ ہے اور اس میں بہت اونچائی پر پھستی کا گاؤں آباد ہے۔ گاؤں سطح سمندر سے تقریباً 11000 فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔پھستی اسی گھرانوں پر مشتمل چھوٹی سی آبادی ہے۔ یہاں زندگی کی بنیادی سہولتیں عنقا ہیں۔ ایک پرائمری سکول ہے، سڑک کچی اور نہایت خطرناک ہے جو اکثر بند رہتی ہے۔بجلی سے ابھی یہ لوگ نا آشناء ہیں۔ میں گاؤں کے زیریں حصے میں اترا تو وہاں بچے کھیل رہے تھے۔ ان سے گاؤں کے کسی معتبر کا پوچھا تو انہوں نے رحمت صاحب کا بتا دیا۔ ان کا گھر بلندی پر واقع تھا، وہاں پہنچا تو ان کے صاحبزادے سے ملاقات ہوئی۔ بعد میں رحمت صاحب بھی آگئے۔ میں نے رات ان کے ساتھ گزاری اور ان لوگوں نے میری بڑی عمدہ مہمان نوازی کی۔ اگلی صبح میں گوستینو ٹیک درے کی طرف روانہ ہوا۔ اوپر جاتے ہوئے کافی دور تک کھیت ہیں جن پر کسان ہل چلا رہے تھے۔ یہاں اس موسم میں گندم اور جو کی کاشت ہوتی ہے۔ ہر طرف ہریالی تھی اور بہت سہانا منظر تھا۔نیچے سے دیکھنے پر درے کی چوٹی پر کافی برف نظر آرہی اور مجھے خوف ہوا کہ کہیں راستہ زیادہ مشکل نہ ہو۔ تاہم جب اوپر پہنچا تو برف کی کثرت اور تقریباً 13000 فٹ کی بلندی کے باوجود درہ کافی آسان لگا اور میں بآسانی اس کو پار کر کے دوسری طرف پارسان وادی میں اترنے لگا۔

شام کے قریب میں پارسان گاؤں کے بالائی حدود میں پہنچا تو کچھ لوگ ملے جو نہر کی سالانہ صفائی کر رہے تھے۔ انہوں نے مجھے چائے پیش کی۔ کچھ دیر ان سے بات چیت کرنے کے بعد میں اسی نہر کے کنارے چلتا ہوا کریم آباد کی طرف روانہ ہوا۔ میں مدیشال، اورولاغ اور پیتاگرام کے دیہات سے ہوتے ہوئے شام کے چھ بجے سوسوم پہنچا۔ یہاں میں محمد یعقوب صاحب کا مہمان بنا جن کے گھر میں بہترین سہولیات کے علاوہ خلوص اور مہمان نوازی کی بھی کوئی کمی نہیں تھی۔ اگلی صبح میں یعقوب صاحب کے ساتھ ان کی گاڑی میں چترال شہر کو روانہ ہوا۔

ٹریکنگ کے شوقین حضرات کے لیے یہ ایک آئیڈیل پہاڑی ٹریک ہے۔ٹریکنگ کا آغاز کوشٹ کے بجائے ریری سے کیا جائے تو راستے میں صرف ایک رات گزار کر کریم آباد پہنچا جاسکتا ہے۔

چترال کا پولو

صلاح الدین صالح

پولو بادشاہوں کا کھیل اور کھیلوں کا بادشاہ ہے۔ قدیم زمانے میں بادشاہ اسے جنگی تیاری کے طور پر کھیلتے تھے۔ پاکستان کے شمالی علاقوں میں حکمرانوں کے علاوہ عام لوگ بھی اسے کھیلتے آئے ہیں۔ یہ کھیل اسی علاقے سے دریافت کرکے انگریزوں نے باقی دنیا میں پھیلایا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ پولو بلتی زبان میں گیند کو کہتے ہیں۔ انگریزوں نے اس کھیل کے لیے قوانین بنا کر اس کی شکل کسی قدر تبدیل کردی، لیکن شمالی پاکستان کے لوگ اب بھی یہ کھیل روایتی انداز میں کھیلتے ہیں۔ اس انداز کو دوسرے لوگ فری سٹائل پولو کہتے ہیں لیکن فری سٹائل کہنے کا مطلب یہ نہیں کہ اس کے اصول اور ضوابط نہیں ہوتے۔ اصول اور ضوابط کے علاوہ اس کھیل کے ساتھ رسومات اور دیگر تفریحات بھی مخصوص ہیں جو اس کی دلچسپی کو بڑھا دیتے ہیں۔ راقم نے مہتران چترال کا زمانہ نہیں دیکھا ہے، تاہم ستر کی دہائی سے چترال جنالی (پولو گرانڈ) میں پولو دیکھتا رہا ہوں اور اس کے بارے میں کچھ بتا سکتا ہوں۔

اُن دنوں پولو کے مقابلے ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں ہوتے تھے۔ ہر سال 23 مارچ کو پولو کی سرگرمیوں کا آغاز ٹاؤن ہال میں ایک تقریب سے ہوتا جس میں کھلاڑیوں کے علاوہ معززین علاقہ اور سرکاری افسران شامل ہوتے۔ ڈپٹی کمشنر کے مختصر خطاب کے بعد ریفرشمنٹ ہوتی اور پھر کھلاڑی گھوڑوں پر سوار ہوکر جلوس کی شکل میں جنالی روانہ ہوتے۔ چترال کی مشہور شخصیت اور پولو کے کوچ صوبیدار محبوب عالم خان روایتی چترالی لباس میں ملبوس اور سفید موغیکان ٹوپی میں سرخ گلاب کا پھول لگائے، گھوڑے پر سوار جلوس کی قیادت کرتے۔ جلوس کے سامنے چترال پولیس کی بینڈ پارٹی مخصوص دھنیں بجاتے ہوئے اور پیچھے تماشائیوں کا ہجوم پولو گراونڈ کی طرف پوری شان وشوکت سے روانہ ہوتے۔ جلوس کے جنالی پہنچنے سے پہلے تماشائی وہاں پہنچ کر بیٹھ چکے ہوتے۔معززین اور افسران چبوترے پر کرسیوں میں رونق افروز ہوتے۔

اکثر پانچ پانچ کھلاڑیوں پر مشتمل چار ٹیمیں بن جاتیں، جن کے درمیاں دو میچ ہوتے۔ چترال کے مشہور شہنائی نواز استاذ اجدبارخان اور اس کے ساتھی مقابلوں کے دوران مخصوص دھنیں بجا کر کھلاڑیوں کو جوش دلاتے اور تماشائیوں کا جی خوش کرتے۔ کسی مخصوص دھن پر صوبیدار محبوب عالم خان، صوبیدار دوستی خان یا حاجی بلور خان بہ آواز بلند انہیں داد دیتے۔

ان افتتاحی مقابلوں کے بعد انفرادی میچ ہر چند دن بعد ہوتے رہتے، تا آنکہ مئی میں مقامی ٹورنمنٹ ہوتا جس میں تحصیل چترال کی ٹیمیں حصہ لیتیں۔ ان مقابلوں کے اختتام پر جون میں ضلعی مقابلے منعقد ہوتے جن میں چترال کے تمام حصوں سے ٹیمیں حصہ لیتیں۔ ان میں قابل ذکر چوپیچ، مستوج، بونی، تورکھو، ملکھو، کوشٹ، لون گہکیر، ریشن، اویر، پھستی، برینس، کریم آباد، گرم چشمہ، زرگرانده، ژانگ بازار، چترال سکاؤٹس کی ٹیمیں ہوتیں۔ ضلعی مقابلوں کے بعد گرمیوں میں پولو کا سلسلہ رک جاتا اور بہت سے لوگ اپنے گھوڑے بلند پہاڑی چراگاہوں (غاری) میں چھوڑ آتے۔ اس دوران جنالی کی دیکھ بھال کا کام ہوتا اور پانی دے کر اس کی گھاس بحال کر دی جاتی۔

14 اگست کی تقریبات کے ساتھ جشن چترال کا میلہ شروع ہوتا۔ اس میلے کے دوران پولو کے علاوہ دیگر جدید اور روایتی کھیلوں کے مقابلے ہوتے۔ راتوں کو موسیقی کی مجلسیں ہوتیں جن میں پورے ضلع سے فنکار حصہ لیتے۔ مشہور مزاحیہ فنکاران عبد الستار چپاڑی، غلام حسین المعروف سوکھا استاذ برینس، عبدلغفار، عبدالجبار المعروف جوکیر ایون اپنے فن کا مظاہرہ کرکے لوگوں کو تفریح اور ہسنے کا موقع فراہم کرتے۔

چترال میں اُن دنوں عام طور پر بدخشی نسل کے گھوڑے (تاژیان) پالے جاتے تھے جو قدوقامت میں آج کل کے پنجاب خصوصاً سرگودھا کے سٹڈ کے گھوڑوں سے قد میں چھوٹے لیکن سخت جان ہوتے تھے۔

70 کی دہائی میں ٹورنامنٹ کی کوئی دو یا تین ٹیمیں فیورٹ ہوتی ں جیسے ژانگ بازار، چترال سکاؤٹس، گرم چشمہ، اویر وغیرہ۔ ایک لمبے عرصے تک ژانگ بازار ٹیم ناقابل شکست رہی۔ پھر بعد میں سب ڈیویژن مستوج کی ٹیم بنی تو کئی سال وہ فاتح رہی۔ اسی طرح چترال پولیس کی بھی مضبوط ٹیم بنی۔ موجودہ زمانے میں چترال سکاؤٹس کی ٹیم عموماً فاتح رہتی ہے۔ بہت عرصے بعد اس سال ایک نئی ٹیم نے فائنل میں چترال سکاؤٹس کو شکست دے کر اس تسلسل کو توڑا ہے۔

مقابلوں کے اہم میچوں خصوصاً سیمی فائنل اور فائنل میں تماشائیوں کی زبردست دلچسپی ہوتی۔ تاہم دوسرے میچوں کو بھی لوگ خوب انجوائے کرتے۔ کچھ کھلاڑی کھیل میں تو ماہر نہیں ہوتے لیکن اپنی وضع قطع اور حرکات سے تماشائیوں کے لیے تفنن طبع کا سامان فراہم کرتے۔ اس طرح کھلاڑیوں کی آپس میں نوک جھونک بھی لوگوں کی تفریح کا باعث ہوتی۔ اس طرح یہ مقابلے کھیل سے ہٹ کر بھی تفریح اور سماجی رابطوں کا ذریعہ ہوتے تھے۔

تبصرہ کتب

ڈاکٹر عنایت اللہ فیضی

ا۔ انوار مستجاب

انوار مستجاب پروفیسر اسرار الدین کی تصنیف ہے۔ آپ پاکستان کے مشہور محقق ہیں، جن کا بیشتر کام جغرافیہ اور تاریخ پر ہے۔ زیر نظر کتاب میں انہوں نے مشہور عالم دین، صوفی بزرگ اور سلسلہ نقشبندیہ کے روحانی پیشوا حضرت مولانا محمد مستجاب المعروف اویرو مولائی کے احوال لکھے ہیں۔ کتاب میں حضرت کے جو حالات بیان ہوئے ہیں ان کا خلاصہ کچھ یوں ہے:

حضرت محمد مستجاب 1885 میں وادی اویر کے گاؤں پنجھاغ کے محلہ دیر میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد زور آور خان کا تعلق شاغوٹیہ قبیلے سے تھا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم چترال کے اندر مختلف علماء سے حاصل کی۔ پھر علم کی پیاس نے انہیں وطن چھوڑنے پر مجبور کیا اور وہ یارحسین، چار باغ اور پشاور سے ہوتے ہوئے دہلی پہنچے۔ یہاں آپ مفتی کفایت اللہ کے مدرسہ امینیہ میں داخل ہوئے اور چھ سال وہاں رہے۔ آپ نے وہیں سے 1913 میں علوم ظاہری کی سند حاصل کی۔ تورغر کے مولانا عبد الغفور عباسی مدنی آپ کے ہم مکتب تھے۔ انہی کی تحریک پر آپ نے سلسلہ نقشبندیہ کے پیر کامل مولانا فضل علی قریشی کے ہاتھ میں بیعت کی اور خلیفہ مجاز کا درجہ حاصل کیا۔ یہ وہی سلسلہ ہے جس سے حضرت مجدد الف ثانی اور مرزا جان جاناں مظہر وابستہ تھے۔ 1935 میں اپنے مرشد کی وفات کے بعد اپنے پیر بھائی حضرت عبد الغفور عباسی مدنی کے ہاتھ بیعت ہوکر دوبارہ خرقہ خلافت حاصل کی۔ دہلی سے واپسی کے وقت مفتی کفایت اللہ نے انہیں کھیتی باڑی سے رزق حاصل کرنے کی نصیحت کی۔ چنانچہ آپ اپنے گاؤں میں آکر اپنے آبائی پیشے سے منسلک ہو گئے اور ساتھ مسجد میں مدرسہ کھولا۔ آپ کی شہرت پھیلی اور اس دشوار علاقے تک پہنچنے میں لوگوں کو مشکل پیش آنے لگی تو آپ زیریں چترال میں ایون منتقل ہوئے اور یہاں تھوڑی زمین خرید کر اس پر گزارا کرنے لگے۔ آپ نے یہیں مسجد میں طلبہ کو پڑھانا شروع کیا اور ساتھ رشد و ہدایت کا سلسلہ جاری کیا۔ آپ نے 1913 سے 1984 تک خلق خدا کی رہنمائی اور اصلاح کا فریضہ سرانجام دیا۔ آپ کنویں کی طرح پیاسوں کا انتظار نہیں کرتے بلکہ چل کر ان کے پاس جاتے۔ آپ اکثر سفر میں رہتے۔ حج کے لیے سال کا نصف حصہ ملک اور بیرون ملک سفر پر گزارتے اور

باقی نصف چترال کے اندر دورے کرتے۔ پشاور میں نشتر آباد کے حاجی عبد العزیز، ڈاگ اسمٰعیل خیل میں آپ کے پیر بھائی پیر رحمت کریم، اور لاہور میں حاجی محمد امیں آپ کی میزبانی کرتے۔ کراچی میں آپ کا قیام مفتی محمد شفیع، مولانا ظاہر شاہ اور حاجی نادر خان کے پاس ہوتا۔ آپ 99 سال کی عمر پا کر 1984 میں فوت ہوئے اور ایون میں مدفون ہوئے۔

انوار مستجاب میں حضرت کی جو کہانی 390 صفحات میں بیان کی گئی ہے اس کا خلاصہ یوں سمیٹا جاسکتا ہے کہ گاؤں سے دو دوست علم کی تلاش میں نکلے اور ایک راستے میں میلہ دیکھنے رک گیا۔ محمد مستجاب کی قسمت میں مرجع خلائق ہونا تھا اور وہ آگے بڑھے اور بڑھتے چلے گئے۔ کتاب میں مولانا عبد الرحیم، مولانا فیاض الدین، ڈاکٹر فدا محمد، ڈاکٹر محمد حامد اور قاری فیض اللہ کی تقریضات شامل ہیں۔ اسے مولانا عزیز احمد نے خانقاہ عزیزیہ اشرفیہ لوند خوڑ سے شائع کیا ہے۔

۲۔ گرزین

گرزین کھوار میں باغ کو کہتے ہیں۔ کھوار لوک روایات اور گیتوں میں یہ لفظ بار بار آتا ہے۔ یہاں جس گرزین کا ذکر ہے وہ مٹی سے اُگا باغ نہیں بلکہ فکر و خیال اور اسلوب کا باغ، یعنی شاعر کا مجموعہ کلام ہے۔

گلگت بلتستان کی خوبصورت وادی غزر میں گلاغموڑی ایک رومان پرور گاؤں ہے۔ کھوار کے ایک زندہ جاوید گیت کی خوش بیگم اسی گاؤں سے تھی، جس پر آمان عاشق تھا۔ اسی گاؤں کے شاعر جاوید حیات کاکاخیل کی شاعری بھی آمان سے کم نہیں۔ ان کا کلام 2018 میں انجمن ترقی کھوار چترال کے اہتمام سے مکتبہ نوائے چترال لاہور میں شائع ہوا۔ 164 صفحات کی کتاب میں 39 نظمیں اور 51 غزلیں سموئی گئی ہیں۔ نظموں میں حمد، نعت، منقبت، صوفیانہ کلام، مناجات، مناظر فطرت کے محاکات اور اصلاحی پیغامات پر قلم اٹھایا گیا ہے۔ جس موضوع پر نظم لکھی ہے، اس کا حق ادا کردیا ہے۔ مثلاً ایک نظم ہے "مہ کھوار" یعنی "میری مادری زبان کھوار"۔ کہتا ہے:

نہ دی خور زبان لاکھ ہزار مہ حاجت ۔۔ مہ زوالو زبان مہ کھوار مہ حاجت

مو الفاظ گمبوری مو ووری بے مثال ۔۔ کھو قامو گرزینہ یہ بہار مہ حاجت

کوئی دوسری زبان، لاکھ ہزار ہی کیوں نہ ہو، مجھے نہیں چاہیے۔ میری میٹھی زبان کھوار ہی میرے کام کی ہے۔ اس کے الفاظ پھولوں جیسے ہیں جن کی خوشبو بے مثل ہے۔ کھو قبیلے کے چمن کی یہ بہار ہی مجھے چاہیے۔

ایک اورنظم میں درہ شندور کا تذکرہ محاکات کے پیرائے میں ہے۔

کپالہ تاج شاہانان دربار شیر شندور ۔۔ فطرتو حسن قدرتو شہکار شیر شندور

شندورو آنتو یی گونیان گمبوریان نامئے ۔۔ بیریٹس بیرائے، سورنک وا پنار شیر شندور

بیریٹس وا پنار اشپرینچونی وا سورنیکو اسپرو ۔۔ چھتونسین میرژوریان بہار شیر شندور

شندور بادشاہوں کے سر کا تاج اور دربار کا حسن ہے۔ یہ فطرت کے حسن اور قدرت کی طاقت کا شہکار ہے۔ لوگ شندور کو آتے ہوئے پھولوں کا نام لیتے ہیں، بیریٹس سورنک اور پنار کہتے ہوئے آتے ہیں۔ یہاں کے مرغزاروں میں بیرٹس، پنار اور سورنک کے پھول کھلتے ہیں اور پری زادیاں جھیل کے کنارے اپنے جلوے دکھاتی ہیں۔

جاوید حیات کاکا خیل نے 1958 میں غزر کے نمبردار اعلیٰ نیت قبول حیات کے ہاں آنکھ کھولی۔ 1973 میں جب آپ کی عمر پندرہ سال تھی، آپ نے جمہور اسلام رسالے کو کلام بھیجنا شروع کیا اور ریڈیو پاکستان کے کھوار پروگرام کے لیے خطوط لکھے۔ 1990 کی دہائی میں آپ نے انجمن ترقی کھوار چترال کے ساتھ تعلق استوار کیا اور وقتاً فوقتاً اس کے مشاعروں میں شامل ہو کر کلام سناتے رہے۔ آپ حفیظ جالندھری کی طرح ترنم سے پڑھتے اور داد سمیٹتے ہیں۔ 2012 میں مشاعرہ پڑھنے چترال آئے تو اپنے پہلے مجموعہ کلام کا مسودہ ہمراہ لے آئے۔ یہ مجموعہ گرزین تھا جو اب مطبوعہ شکل میں ہمارے سامنے ہے۔ ان کی نظم جیسی جاندار ہے، ان کی غزل ویسی ہی مزیدار ہے۔ اشعار ملاحظہ کریں:

حسن و جمالہ تہ غون کا ۔۔ نیکی مثالہ تہ غون کا

اسمانہ پری یا تو حور ۔۔ وہم و خیالہ تہ غون کا

یورمس استاریان سوم تمثیل ۔۔ جاہ وجلالہ تہ غون کا

ترجمہ: میرے محبوب، حسن و جمال میں تیرا کوئی ہمسر نہیں۔ کوئی تیرا ہم ہم مثل نہیں۔ آسمانوں کی پری یا جنت کی حور بھی وہم و خیال میں تجھ جیسی نہیں۔ تیری مثال تو سورج چاند تاروں کی ہے۔ جاہ وجلال میں تیرا کون ہمسر ہو سکتا ہے۔

جاوید حیات کاکاخیل کے اسلوب میں روانی سلاست اور بے ساختگی ہے۔ ہر مصرعہ اور ہر شعر دل سے نکلی ہوئی آواز بن کر دل کے پار ہوتا ہے۔ گرزین ایک ایسا مجموعہ ہے جسے ہر عمر کا قاری دلچسپی سے پڑھتا ہے، گنگناتا ہے اور گانے والا اسے گاتا ہے۔ اسے کھوار شاعری کا سدا بہار چمن کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔

ششماہی کھوار جولائی 2022

گزشتہ دنوں انجمن ترقی کھوار کے دو سینئیر ارکان کی وفات ہوئی۔ انجمن کے تمام اراکین مرحومین کے درجات کی بلندی کے لیے اللہ تعالے کے حضور دعا گو ہیں اور ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

۱۔ محراب ولی شاہ مسرور تورکھو کے گاؤں اُژنو میں حکیم وزیر محمد کے فرزند تھے۔ آپ پیشے کے لحاظ سے استاذ، ایک ادیب اور شاعر تھے۔ انجمن ترقی کھوار کے پرانے اور فعال رکن تھے۔ وہ طویل عرصہ مرکزی انجمن کے نائب سکتر اور اشاعت کے ذمے دار کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے رہے۔ ان کا کھوار مجموعہ کلام غیر مطبوعہ موجود ہے۔

۲۔ محی الدین کروچ کا تعلق تورکھو کے گاؤں استارو سے تھا اور وہ کافی عرصے سے گولدور چترال میں قیام پذیر تھے۔ وہ کھوار مشاعروں کے مقبول شاعر تھے اور ان کا کلام مشاعروں کی ریکارڈنگ میں محفوظ ہے۔ محی الدین کروچ ایک اچھے منتظم ہونے کی حیثیت سے انجمن کی سرگرمیوں میں مفید خدمات انجام دیتے تھے۔

انجمن ترقی کھوار چھترار

بر سر قبر مارا آن شوخ ستمگر کہ گیسیر

اہل انجمن سیرو زیارتہ

2016